# ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی ورک پلان

## 2023 – 2025

اردو | Urdu

*نیشنل ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی فریم ورک 2023-2025 آسٹریلیا کی ڈس ایبیلٹی سٹریٹجی 2021-2031 کے تحت ایک متعلقہ منصوبہ یا ایسوسی ایٹڈ پلان ہے-*

# تعارف

آسٹریلین حکومت اور سٹیٹس اور ٹیریٹریز کی حکومتوں نے نیشنل ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی فریم ورک 2023-2025 (فریم ورک) پر باہم اتفاق کر کے اپنی عملداریوں میں مل کر ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی (عوامی سطح پر معذوروں کی حمایت) کی ذمہ داری اٹھانے اور پورے آسٹریلیا میں ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کا ایک مؤثر نیٹ ورک بنانے کا عزم کیا ہے۔

اس عزم کے سلسلے میں رہنمائی کے لیے آسٹریلین حکومت اور سٹیٹس اور ٹیریٹریز کی حکومتوں نے ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی ورک پلان (ورک پلان) تشکیل دیا ہے۔ ورک پلان آسٹریلین حکومت اور سٹیٹس اور ٹیریٹریز کی حکومتوں کے لیے ترجیحی ورک ایریاز (کام) واضح کر کے فریم ورک پر عملدرآمد میں مدد دیتا ہے تاکہ حکومتیں فریم ورک میں درج نتائج حاصل کرنے کی خاطر باہمی تعاون کریں۔ عملداریاں اپنی صوابدید سے طے کر سکتی ہیں کہ وہ ورک پلان کے کن اقدامات میں شریک ہونا چاہتی ہیں اور ورک پلان کے اقدامات عملداریوں کے موجودہ بجٹوں، وسائل اور ترجیحات کے اندر رہتے ہوئے انجام دیے جا سکتے ہیں۔ اس ورک پلان کو مکمل سیاق و سباق کی خاطر فریم ورک کے ساتھ پڑھنا چاہیے۔

فروری 2025 میں Disability Reform Ministerial Council (معذوروں کے لیے اصلاحات کی وزارتی کونسل) نے معذور افراد کے ساتھ تشدد، بدسلوکی، غفلت برتے جانے اور ان کے استحصال سے متعلق رائل کمیشن کی سفارشات کے جواب میں ورک پلان میں ترامیم پر اتفاق کیا۔

# بنیاد

فریم ورک آسٹریلیا میں معذور افراد کے لیے ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کا ایک مشترکہ تصور پیش کرتا ہے تاکہ انہیں مؤثر ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی مل سکے اور یہ ان کے لیے تمام انسانی حقوق سے مکمل اور مساوی استفادہ کرنا یقینی بناتا ہے۔ اس وقت آسٹریلین حکومت اور سٹیٹس اور ٹیریٹریز کی حکومتیں، سبھی الگ الگ ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی پروگرامز کے لیے مالی وسائل دیتی ہیں اور سروس اور فنڈنگ کے مختلف ماڈلز استعمال کرتی ہیں۔ فی الحال قومی سطح پر یا عملداریوں کے اندر یہ جاننے کا کوئی نظام یا یکساں طریقہ موجود نہیں ہے کہ کہاں ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی سروسز کی ضرورت پوری نہیں ہو رہی۔ آسٹریلیا میں سروسز کی دستیابی، معیاروں یا فنڈنگ کے درجے معلوم کرنے کے لیے قومی سطح پر بھی کوئی نظام موجود نہیں ہے۔

فریم ورک اور ورک پلان آسٹریلین حکومت اور سٹیٹس اور ٹیریٹریز کی حکومتوں کے اس مسلسل کام کے آغاز کا اظہار ہیں جو اہم معاملات میں مشترکہ کوششوں کا عزم پورا کرتے ہوئے ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی سروسز میں ہم آہنگی بہتر بنانے کے لیے کیا جا رہا ہے۔ ورک پلان کے تحت سرگرمیوں کا مقصد معذور افراد کے لیے ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی سروسز حاصل کرنے کا تجربہ بہتر بنانا ہے۔ ہر عملداری کی اپنی ترجیحات ہیں اور وقت کے ساتھ ساتھ عملداریوں کو مشترکہ کام کے لیے مزید عہد کرنے اور ترجیحی معاملات میں اضافے کے اور بھی مواقع مہیا ہوں گے۔ فریم ورک اور ورک پلان میں نظر ثانی کا وقت طے ہے تاکہ ان دستاویزات کا وقت کے ساتھ ساتھ متعلقہ رہنا یقینی بنایا جائے۔

# معذور افراد کی شرکت کار

ڈیپارٹمنٹ آف سوشل سروسز (DSS) نے 8 اپریل 2022 سے 8 جولائی 2022 تک DSS انگیجمنٹ ویب سائیٹ کے ذریعے فریم ورک 2022-2025 پر عوامی مشاورت کروائی تھی۔ DSS کو معذور افراد، ان کے گھرانوں اور سنبھالنے والوں، ڈس

ایبیلٹی ایڈووکیسی آرگنائزیشنز اور دلچسپی رکھنے والے دوسرے جواب دہندگان کی طرف سے 111 سبمشنز (آراء) ملیں اور 500 سے زیادہ افراد نے باقاعدہ ہدف کے تحت مشاورت میں حصہ لیا جس میں آن لائن اور روبرو فورمز، فوکس گروپس اور تفصیلی انٹرویوز شامل تھے۔ مشاورت میں شریک ہونے والوں میں سے 40٪ معذور افراد تھے۔ DSS انگیجمنٹ ویب سائیٹ پر ایک مشاورتی رپورٹ شائع کی گئی ہے جس میں تمام سبمشنز اور آراء کا ایک خودمختارانہ تجزیہ شامل ہے۔

عوامی مشاورت کے نتائج سے فریم ورک کی حتمی ورژن کے لیے رہنمائی ملی اور ان سے اس ورک پلان کی تشکیل پر بھی اثر پڑا ہے۔ عوامی مشاورت میں ملنے والی آراء میں یہ شامل ہے:

- یہ ضروری ہے کہ فریم ورک میں طے کیے جانے والے نتائج کی پیمائش اور رپورٹنگ ممکن ہو۔
- یہ ضروری ہے کہ کاموں کو مسلسل مل کر ڈیزائن کیا جائے اور فریم ورک کے نتائج پر عملدرآمد میں معذور افراد شریک رہیں۔
- یہ ضروری ہے کہ اس شعبے میں کی جانے والی تبدیلیاں شواہد کی بنیاد پر ہوں۔
- ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کے لیے فنڈنگ منصفانہ، ضروریات کی بنیاد پر، اضافوں کے ساتھ اور زیادہ لمبے عرصوں کے لیے ہونی چاہیے۔
- ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی تک رسائی بہتر بنانے کا مطلب یہ ہے کہ معذور افراد کے لیے انتخاب اور اختیار مہیا کیا جائے، بالخصوص فرسٹ نیشنز کے افراد اور ریجنل اور دور دراز علاقوں کے لوگوں کے لیے، اور اس فہم میں یہ بھی شامل ہے کہ امتیازی سلوک اور محرومی کی مختلف قسموں کی وجہ سے کس طرح ایڈووکیسی کے لیے ان ترجیحی گروہوں کی ضروریات بڑھ سکتی ہیں۔

آسٹریلین حکومت اور سٹیٹس اور ٹیریٹریز کی حکومتیں معذور افراد کو براہ راست متاثر کرنے والی پالیسیوں اور پروگراموں میں انہیں شریک کرنے کا عزم رکھتی ہیں۔ تمام حکومتیں معذور افراد کو اس ورک پلان پر عملدرآمد میں شریک کرنا جاری رکھیں گی۔ اس میں آسٹریلیا کی ڈس ایبیلٹی سٹریٹجی ایڈوائزری کاؤنسل اور سٹیٹس اور ٹیریٹریز کی کاؤنسلز؛ اور معذوروں کی نمائندگی کرنے والی تنظیموں کے ذریعے شرکت شامل ہو گی۔ حسب ضرورت، انفرادی اقدامات کے مقاصد حاصل کرنے کے لیے مزید عوامی مشاورت یا ہدف کے تحت مشاورت ڈیزائن کی جائے گی اور عمل میں لائی جائے گی۔

# پالیسی کا سیاق و سباق

**معذور افراد کے ساتھ تشدد، بدسلوکی، غفلت اور ان کے استحصال کے متعلق رائل کمیشن (DRC)**

DRC کا قیام اپریل 2019 میں معذور افراد کے ساتھ تشدد اور غفلت، بدسلوکی اور استحصال کی بہت زیادہ اطلاعات سامنے آنے پر کمیونٹی کی تشویش کے جواب میں کیا گیا تھا۔ DRC کی حتمی رپورٹ 28 ستمبر 2023 کو گورنر جنرل کو دی گئی اور 29 ستمبر 2023 کو آسٹریلین پارلیمنٹ میں پیش کی گئی۔

تین سفارشات فریم ورک اور ورک پلان سے متعلق ہیں۔ ان سفارشات کو اصولی طور پر قبول کرتے ہوئے 31 جولائی 2024 کے مشترکہ حکومتی جواب کے بعد ان سفارشات پر اقدامات کو شامل کرنے کی غرض سے ورک پلان پر نظر ثانی کی گئی ہے۔

**نیشنل ڈس ایبلٹی انشورنس سکیم (NDIS) کا خودمختارانہ ریویو - حتمی رپورٹ**

7 دسمبر 2023 کو NDIS کے خودمختارانہ ریویو (ریویو) کی حتمی رپورٹ جاری کی گئی اور اس میں 26 سفارشات کے ساتھ ساتھ 139 معاون اقدامات بھی شامل تھے۔ ریویو میں NDIS کے ڈیزائن، آپریشنز اور سلامت رہنے کی صلاحیت کا جائزہ لیا گیا اور مارکیٹ اور افرادی قوت کو زیادہ ذمہ دار، معاون اور پائیدار بنانے کے طریقوں پر بھی غور کیا گیا۔

متعدد سفارشات اور معاون اقدامات کی نشاندہی کی گئی ہے جن کے سلسلے میں ورک پلان کے تحت NDAF کے کچھ کاموں کے نتائج سے مدد مل سکتی ہے۔

**ضرورت اور کمی کا تجزیہ**

مارچ 2020 میں DSS نے کنسلٹیشن فرم ASK Insight کو 'خودمختارانہ ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی اور فیصلہ سازی کے لیے مدد' کی ضرورت اور کمی کا تجزیہ کرنے کا کام سونپا تاکہ نیشنل ڈس ایبیلٹی انشورنس سکیم کے عمل میں آنے کے بعد سے ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کی صورتحال کو بہتر طور پر سمجھا جائے۔ اس منصوبے کو دسمبر 2020 میں حتمی شکل دی گئی تھی اور منصوبے کے نتائج کا خلاصہ Demand and Gap Analysis Project Summary December 2020 (dss.gov.au) پر دستیاب ہے۔

اس رپورٹ میں یہ نتیجہ اخذ کیا گیا تھا کہ فریم ورک میں تبدیلی کر کے نیشنل ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کے متفقہ مطلوبہ نتائج اور پیمائشوں کو ملحوظ رکھا جانا چاہیے تاکہ معذور افراد کے لیے ہم آہنگی اور بہتر نتائج حاصل کیے جائیں۔ فریم ورک وہ دستاویز ہے جو نیشنل ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کا مقصد، اصول اور مطلوبہ نتائج طے کرتی ہے اور ورک پلان ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی تک رسائی بہتر بنانے کے لیے حکومتوں کے مل کر کام کرنے کا عزم واضح کرتا ہے۔

***آسٹریلیا کی ڈس ایبیلٹی سٹریٹجی 2021-2031 (سٹریٹجی)***

سٹریٹجی سے مراد آسٹریلیا کا نیشنل ڈس ایبیلٹی پالیسی فریم ورک ہے۔ یہ تمام حکومتی سطحوں پر معذور افراد کی زندگیاں بہتر بنانے کے اقدامات کا باعث بن رہا ہے۔ سٹریٹجی یہ تسلیم کرتی ہے کہ ایڈووکیسی سے لوگوں کے حقوق کے تحفظ میں اور کمیونٹی میں ان کی شمولیت اور شرکت میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے میں مدد ملتی ہے۔ سٹریٹجی تسلیم کرتی ہے کہ ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی معذور افراد کو ان کے حقوق کے تحفظ اور بقا کے قابل بنانے اور اس میں مدد دینے کا ایک اہم طریقہ ہے۔

فریم ورک اور ورک پلان سے حفاظت، حقوق، انصاف کے حوالے سے مطلوبہ نتائج میں شامل سٹریٹجی کی پالیسی ترجیح 'معذور افراد کے حقوق کے فروغ، بقا اور تحفظ' میں مدد ملتی ہے۔ فریم ورک کو حتمی شکل دینا سٹریٹجی کے سیفٹی ٹارگٹڈ ایکشن پلان کے تحت آسٹریلین حکومت کا کام ہے (ایکشن 5.3)۔

**سب کو برابر لانے کے لیے (Closing the Gap) نیشنل ایگریمنٹ**

Closing the Gap نیشنل ایگریمنٹ تمام آسٹریلین حکومتوں اور اہم ترین ایبوریجنل اور ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر ایڈووکیسی تنظیموں (Peak Organisations) کے اتحاد کے درمیان ایک حقیقی پارٹنرشپ ہے جس کا مقصد فرسٹ نیشنز کے افراد اور حکومتوں کو اس مقصد کے لیے مل کر کام کرنے کے قابل بنانا ہے کہ فرسٹ نیشنز کے افراد کو پیش عدم مساوات کو دور کیا جائے اور وہ زندگی میں تمام آسٹریلین باشندوں کے برابر نتائج حاصل کریں۔

کامن ویلتھ کے Closing the Gap Implementation Plan کے تحت تمام کامن ویلتھ اداروں کے لیے تمام 17 سماجی و معاشی اہداف اور چاروں ترجیحی اصلاحات میں معذوری کو اس شعبے کے طور پر شامل رکھنا لازمی ہے جس میں نتائج مطلوب ہیں۔

**معذوری کے شعبے کو تقویت دینے کا پلان (Disability SSP)**

Disability SSP سے کمیونٹی کنٹرولڈ سیکٹر کو تقویت دینے اور فرسٹ نیشنز کے معذور افراد کے ساتھ اور ان کے لیے نتائج کو بہتر بنانے کے لیے مشترکہ کام کا نیشنل فریم ورک میسر آتا ہے۔ Disability SSP بنانے کا مقصد Closing the Gap نیشنل ایگریمنٹ کے تحت 'ترجیحی اصلاح نمبر دو کمیونٹی کنٹرولڈ سیکٹر کی تشکیل و ترقی' کے حصول میں مدد دینا تھا۔ Disability SSP فرسٹ نیشنز کے معذور افراد کی قومی ایڈووکیسی تنظیم First Peoples Disability Network (peak) Australia (FPDN) کے ساتھ حقیقی پارٹنرشپ کے ذریعے مل کر ڈیزائن کیا گیا تھا۔ Disability SSP کو تمام عملداریوں اور Coalition of Peaks (ایڈووکیسی تنظیموں کے اتحاد) نے منظور کیا ہے۔ فریم ورک اور ورک پلان سے Closing the Gap نیشنل ایگریمنٹ اور Disability SSP کے لیے اس طرح مدد ملتی ہے کہ فرسٹ نیشنز کی رسائی کی خاطر خاص ورک ایریا مقرر کیا گیا ہے۔

## انتظامی امور

فریم ورک اور ورک پلان کے لیے Disability Reform Ministerial Council (DRMC) (معذوری کے شعبے میں اصلاحات کے لیے وزارتی کاؤنسل) ذمہ دار ہے۔ آسٹریلیا میں ڈس ایبیلٹی سٹریٹجی کے لیے عملداریوں کی مشترکہ کمیٹی ، جو آسٹریلین حکومت اور سٹیٹس اور ٹیریٹریز کی حکومتوں کے افسروں پر مشتمل ہے، اس ورک پلان کے تحت اقدامات عمل میں لانے اور فریم ورک پر آئندہ نظرثانی کے لیے ذمہ دار ہے۔

## رپورٹنگ اور نظرثانی

DRMC نے 21 اپریل 2023 کو فریم ورک اور ورک پلان کو منظور کیا۔ آسٹریلین حکومت اور سٹیٹس اور ٹیریٹریز کی حکومتیں DRMM کو سالانہ پیش رفت کی رپورٹ دیا کریں گی۔

2025 کیلنڈری سال کے اختتام پر فریم ورک مکمل ہونے سے پہلے کے 12 مہینوں میں فریم ورک اور ورک پلان پر نظرثانی کی جائے گی۔ نظرثانی میں اس ورک پلان کی پیش رفت پر غور کرنے کے ساتھ ساتھ معذور افراد کے ساتھ تشدد، بدسلوکی، غفلت اور استحصال کے رائل کمیشن سے ملنے والی معلومات اور سٹریٹجی پر آئندہ نظرثانی بھی شامل ہے۔

## ترجیحی ورک ایریاز

آسٹریلین حکومت اور سٹیٹس اور ٹیریٹریز کی حکومتوں نے وہ ورک ایریاز شناخت کیے ہیں جن سے حکومتوں کو فریم ورک پر عملدرآمد کرنے اور قومی سطح پر ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی سروسز میں ہم آہنگی اور لوگوں کی رسائی بڑھانے میں مدد ملے گی۔ ارادہ یہ ہے کہ ان ورک ایریاز میں طے کی جانے والی سرگرمیاں مختصر تا درمیانی مدت کے پراجیکٹس ہوں جن کا مقصد ملکی سطح پر ہم آہنگی اور خدمات کی فراہمی بہتر بنانے کے لیے شواہد اکٹھے کرنا ہوگا۔ اکٹھے کیے جانے والے شواہد کو آئندہ کام میں رہنمائی کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ ترجیحی ورک ایریاز یہ ہیں:

1. فریم ورک کے نتائج کی پیمائش اور رپورٹنگ
2. ڈاٹا میں ہم آہنگی بہتر بنانا
3. خدمات کی فراہمی بہتر بنانا
4. شعبے کی بہتری و ترقی اور مدد
5. فنڈنگ میں ربط بہتر بنانا
6. فرسٹ نیشنز کے افراد کے لیے رسائی میں مدد

ان میں سے کچھ پراجیکٹس کے نتائج کی بنیاد پر ممکن ہے کہ وقت کےساتھ ساتھ دوسرے ترجیحی ورک ایریاز بھی شامل کیے جائیں۔ مثال کے طور پر جوں جوں ہمیں قومی سطح پر خدمات کی فراہمی کا بہتر علم حاصل ہو گا، دوسرے گروہوں کے لیے پراجیکٹس کو ترجیح دی جا سکتی ہے۔ ہر ترجیحی ورک ایریا کے تحت کیے جانے والے کام کے متعلق معلومات نیچے ٹیبل میں دی جا رہی ہیں۔

## ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی ورک پلان

| ورک ایریاز | وضاحت | مدت کا اندازہ |
|---|---|---|
| ورک ایریا 1: فریم ورک کے نتائج کی پیمائش اور رپورٹنگ | **فریم ورک کے نتائج کی پیمائش کا طریقہ تشکیل دینا**<br><br>فریم ورک میں 13 بالا سطحی نتائج درج ہیں جنہیں حاصل کرنے کے لیے فریم ورک کے مطابق فراہم کی جانے والی ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کے لیے مدد کو استعمال کیا جائے گا۔ ایسی علامات طے کرنے اور ان پر اتفاق طے کرنے کے لیے مزید کام کی ضرورت ہے جن سے فریم ورک کے نتائج کی پیمائش کی جا سکے اور رپورٹنگ کے مقاصد سے پراگریس کی پیمائش اورمطلوبہ نتائج کے مقابلے میں پراگریس کو جانچنے طریقہ طے کیا جا سکے۔ | جنوری 2024 سے جون 2025 تک |
| ورک ایریا 2: ڈاٹا میں ہم آہنگی بہتر بنانا | **مختلف عملداریوں میں ڈاٹا اکٹھے کرنے کے موجودہ طریقوں کو سمجھنا**<br><br>تمام عملداریاں اپنے یہاں ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی سروسز کا انتظام اور فنڈنگ خود کرتی ہیں اور اس کے لیے مختلف ڈیزائن، طریق کار اور انفراسٹرکچر استعمال کرتی ہیں۔ پراجیکٹ میں شریک عملداریاں مختلف عملداریوں میں ڈیٹا جمع کرنے کے موجودہ طریقوں کو بہتر طور پر سمجھنے کے لیے مل کر کام کریں گی جس کا مقصد معذوروں کی ایڈووکیسی (حمایت) کا بنیادی ڈیٹا سیٹ طے کرنا اور اس پر متفق ہونا ہے، جس میں معذوروں کی ایڈووکیسی کی طلب پوری ہونا یا نہ ہونا شامل ہوسکتا ہے۔ اس سے ملکی سطح پر ڈاٹا اکٹھے کرنے میں ہم آہنگی مہیا ہو گی لہذا ملکی سطح پر ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کی رپورٹنگ بہتر ہو گی اور خدمات کی فراہمی میں ربط بہتر ہو گا۔ | اپریل 2024 سے جون 2025 تک |

| | | |
|---|---|---|
| ورک ایریا 3: خدمات کی فراہمی بہتر بنانا | **مختلف علاقوں کے جائزے انجام دے کر معلوم کرنا کہ اس وقت انفرادی ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کی خدمات کہاں دستیاب ہیں**<br><br>تمام عملداریاں اپنے یہاں ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی سروسز کا انتظام اور فنڈنگ خود کرتی ہیں اور اس کے لیے مختلف ڈیزائن، طریق کار اور انفراسٹرکچر استعمال کرتی ہیں۔ ملک بھر میں دستیاب ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی سروسز کا پتہ چلانے اور وضاحت کرنے کے لیے مختلف علاقوں کے جائزے کی ضرورت ہے۔ اس سے ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی کی فراہمی کی صورتحال واضح ہو گی اور معلوم ہو گا کہ کہاں خدمات موجود نہیں ہیں لہذا مستقبل میں خدمات کے ہدف بہتر بنائے جائیں۔ غور طلب معلومات میں یہ شامل ہیں:<br>• معذوری کی قسم<br>• افراد کے پس منظر کے متعلق معلومات<br>• جغرافیائی مقام<br>• فنڈنگ کا ذریعہ<br>• کونسے مسائل دیکھے جاتے ہیں<br>• ایڈووکیسی کی قسمیں<br>• رسائی کے دیگر تقاضے | اکتوبر 2023 سے دسمبر 2024 تک |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ورک ایریا 4: شعبے کی بہتری و ترقی اور مدد | **شعبے کی بہتری و ترقی کے لیے ایک نیشنل پراجیکٹ تشکیل دینا**<br><br>ایڈووکیسی کا نہایت ماہر اور باخبر شعبہ معذور افراد کے لیے اچھے نتائج لانے میں مدد دیتا ہے۔ شریک کار عملداریاں انفرادی ایڈووکیٹس کے لیے بہترین طریق کار کے متعلق وسائل تشکیل دینے کی خاطر مل کر کام کریں گی اور انفرادی ایڈووکیٹس کو زیادہ مضبوط نیٹ ورکس بنانے کے لیے مدد دیں گی تاکہ معلومات، علم اور تجربات کا تبادلہ کرتے ہوئے شواہد کی بنیاد پر طریق کار نافذ کیے جائیں۔ | اکتوبر 2023 سے فروری 2025 تک |
| ورک ایریا 5: فنڈنگ میں بہتر ربط | **فنڈنگ کے موجودہ انتظامات پر نظر ثانی کرنا اور فنڈنگ میں بہتر ربط کے مواقع معلوم کرنا**<br><br>موجودہ ڈاٹا کے حصول اور خدمات کی فراہمی کی میپنگ کے منصوبوں کے نتائج کا استعمال تاکہ شریک عملداریوں میں دستیاب فنڈنگ کو زیادہ ہم آہنگ بنایا جائے اور طلب کو پورا کرنے کے لیے معذوروں کی ایڈووکیسی کے پروگراموں کے لیے طویل المدت اور مستحکم فنڈنگ پر غور کی خاطر مل کر کام کیا جائے۔ | جولائی 2024 سے جون 2025 تک |

| | | |
|---|---|---|
| ورک ایریا 6: فرسٹ نیشنز کے افراد کے لیے رسائی میں مدد | **تہذیبی لحاظ سے موزوں اور سب لوگوں کے لیے قابل رسائی ایڈووکیسی سروسز میں اضافہ**<br><br>فرسٹ نیشنز کے معذور افراد کے لیے تہذیبی لحاظ سے موزوں ایڈووکیسی تک رسائی بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ یہ پراجیکٹ ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی تک رسائی بڑھانے کے طریقے معلوم کرے گا جس میں ڈس ایبیلٹی ایڈووکیسی سروسز اور/یا پراجیکٹس کا تہذیبی علم بہتر بنانے کی خاطر تربیت کے مواقع اور وسائل بڑھانا شامل ہے تاکہ فرسٹ نیشنز کے افراد معذوری کے شعبے میں رہنما اور ایڈووکیٹس بننے کے قابل ہوں۔ | فروری 2024 سے مارچ 2025 تک |